میرے سامنے سے اپنا یہ پردہ ہٹا دو کیونکہ اس پر نقش شدہ تصاویر برابر میری نماز میں خلل انداز ہوتی رہی ہیں

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک رنگین باریک پردہ تھا، جسے انھوں نے اپنے گھر کے ایک حصہ میں بطور پردہ لٹکا دیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ”میرے سامنے سے اپنا یہ پردہ ہٹا دو کیونکہ اس پر نقش شدہ تصاویر برابر میری نماز میں خلل انداز ہوتی رہی ہیں“۔

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک باریک اونی کپڑا تھا، جو مختلف رنگ اور نقش ونگار والا تھا، اس کے ذریعہ عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے حجرہ کے سوراخ کو بند کردیتی تھی، آپ ﷺ نے اسے ہٹانے کا حکم دیا اور اس کا سبب بھی بیان فرمایا کہ نماز کے دوران اس کے نقوش اور رنگ مسلسل سامنے ہوتے ہیں، جس کی وجہ سے آپ کو خوف ہوا کہ کہیں یہ نماز میں کامل توجہ، اس کے اذکار میں غور وفکر، اس کی تلاوت اور اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی اور اطاعت جیسے مقاصد سے غافل نہ کردے۔

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/10881